**Pakistan Tehreek-e-Insaf**
**Central Media Department**

## فیصل واوڈا نامی ٹاؤٹ کی پریس کانفرنس پر پاکستان تحریک انصاف کا ردِ عمل

24 نومبر سے پہلے ہی ملک گیر احتجاج کی کال کی کامیابی کے اثرات نمایاں ہونا شروع ہو گئے ہیں،

ابھی عوام کا نکلنا باقی ہے مگر چڑیا گھر میں رکھے گئے بندروں، بن مانسوں، لومڑیوں، گیدڑوں، گدھوں، خچروں اور انسان نما ٹاؤٹوں نے اچھل کود شروع کر دی ہے، ترجمان پاکستان تحریک انصاف

عمومی کہاوت ہے کہ زمین پر کوئی بڑی تبدیلی رونما ہونے کو ہو تو سب سے پہلے پالتو جانوروں کو علم ہوتا ہے اور وہ اپنے اپنے انداز میں اس پر ردعمل دیتے ہیں، اہلِ عالم ہمارے یہاں ٹاؤٹوں کی اچھل کود سے سیاسی حرکیات کا جائزہ لیتے اور اندازے لگاتے ہیں،

پاکستان میں پچھلے اڑھائی برس سے جب بھی عوام کے پرامن احتجاج کیلئے سڑکوں پر آنے کا مرحلہ آتا ہے چڑیا گھر والے ایک ”بجو“ کو پنجرے سے نکال کر سکرینوں پر بٹھا دیتے ہیں، ترجمان پاکستان تحریک انصاف

جمہوریت، دستور، قانون اور مہذب انسانی معاشرت کی ابجد تک سے ناواقف یہ ”گورکشا“ مخلوق ہزیان اور خرافات بکنے اور اہلیانِ چڑیا گھر کے بھونڈے کتھارسس کے علاوہ کسی کام نہیں آتی، ترجمان پاکستان تحریک انصاف

اکتوبر کے پہلے ہفتے میں عوام نکلے تو اس ”بجو“ کو ہفتہ بھر ”دست“ کی شدید شکایت رہی اور چڑیا گھر کے منتظمین شفایابی کیلئے کسی ماہر حکیم کی تلاش میں مارے مارے پھرتے رہے، ترجمان پاکستان تحریک انصاف

قانون کی حکمرانی، آئین کی بالادستی اور قوم کی حقیقی آزادی انسانوں کے مسائل ہیں، چڑیا گھر کے باسیوں کو ان سب کی سمجھ ہے نہ ہی وہ اپنی خوراک کے برتن سے آگے کچھ دیکھ پاتے ہیں، ترجمان پاکستان تحریک انصاف

عوام اپنے نڈر، بہادر اور بیباک کپتان کے ساتھ اپنی حقیقی آزادی کیلئے یکسو اور متحرک ہیں، سرکاری بندروں، بجوؤں اور لومڑیوں کی اچھل کود سے کنفیوز نہیں ہوں گے، 24 نومبر کو ہر پاکستانی پاکستان میں قانون کی حکمرانی، آئین کی بالادستی، بے گناہ سیاسی کارکنوں کی رہائی اور اپنی حقیقی آزادی کیلئے نکلے گا اور اڈیالہ میں ناحق قید اپنے کپتان کی آواز بنے گا، ان شاءاللہ، ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ